سوال

کیا پوتا اپنے فوت شدہ دادا اور پھوپھی کی طرف سے عمرہ کر سکتا ہے اور اس کا کیا طریقہ کار ہے ؟

جواب

فوت شدگان کی طرف سے عمرہ کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا پوتا اپنے فوت شدہ دادا اور پھوپھی کی طرف سے عمرہ کر سکتا ہے اور اس کا کیا طریقہ کار ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! فوت شدگان کی طرف سے عمرہ کرنا جائز ہے ، اور اپنے ان رشتہ داروں کے ساتھ احسان ہے ۔ لیکن شرط یہ ہے کہ آپ نے پہلے اپنا عمرہ کیا ہوا ہو۔ اسکی دلیل سنن اَبو داود کی حدیث ہے : عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ عَنْ أَبِي رَزِينٍ قَالَ حَفْصٌ فِي حَدِيثِهِ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَامِرٍ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَبِي شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا يَسْتَطِيعُ الْحَجَّ وَلَا الْعُمْرَةَ وَلَا الظَّعْنَ قَالَ احْجُجْ عَنْ أَبِيكَ وَاعْتَمِرْ سنن أبي داود کتاب المناسک باب الرجل یحج عن غیرہ ح ۱۸۱۰ اس طریقہ کار یہ ہے کہ نیت کرتے وقت ، اس کا نام لیا جائے کہ اللّٰھم لبیک عن فلان ، باقی عمرہ ویسے ہی ادا کیا جائے گا جیسے عام طور پر کیا جاتا ہے ۔ عمرے کا طریقہ جاننے کے لئے اس لنک پر کلک کریں ۔
http://forum.mohaddis.com/threads/%D8%B9%D9%85%D8%B1%DB%81-%D8%A7%D8%AF%D8%A7-%DA%A9%D8%B1%D9%86%DB%92-%DA%A9%D8%A7-%D8%B7%D8%B1%DB%8C%D9%82%DB%81.6361/ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث